Rampur State Gazette.

{EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۳۸	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز چہارشنبہ تاریخ ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۲۷ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب جشن سعید تاج پوشی بنظر الطاف شاہانہ بدولت و اقبال حسب ذیل اضافہ جات وغیرہ منظور فرماتے ہین :-

۱ حضور عالیہ صاحبہ کو یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے بد خانمان دو ہزار (۲۰۰۰) روپیہ ماہانہ تنخواہ ملیگی بجائے پانسو (۵۰۰) روپیہ کے۔

۲ صاحبزادی شہزادی بیگم کو یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے پانسو (۵۰۰) روپیہ تنخواہ خانمان سے ملیگی بجائے ڈہائی سو کے۔

۳ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر کی تنخواہ موجودہ مین دو سو (۲۰۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۴ صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تنخواہ موجودہ مین ایکسو (۱۰۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۵ صاحبزادہ سید احمد اللہ خان بہادر کو مد خانمان سے دو سو پچاس روپیہ ماہانہ ملتے تھے وہ تاریخ امروزہ سے جاری کئے جائین۔

۶ سید حامد شاہ صاحب قاضی شہر کو خدمت قیمتی ایکہزار (۱۰۰۰) روپیہ دیا جائے۔

۷ سید شوکت علی میر منشی دار الانشاء کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۸ ظہیر الحسن میر منشی اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۹ منشی شوکت علیخان میر منشی اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین پچیس روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۰ منشی لکھن لال نائب میر منشی اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین چالیس روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۱ سید امداد علی حکم نویس اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین تاریخ امروزہ سے دس (۱۰) روپیہ ماہانہ اضافہ۔

۱۲ کپتان واجد علیخان کنٹرولر ہاؤس ہولڈ کی موجودہ تنخواہ مین پچاس (۵۰) روپیہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۳ منظور حسن خانساماں کی موجودہ تنخواہ مین تیس (۳۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۴ اکرام الدین اہلمد اجلاس ہمایون کی تنخواہ موجودہ مین دس (۱۰) ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۱۵ سید معین الدین کیمیاں کی موجودہ تنخواہ مین پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۱۶ محمد اشفاق حسین اہلمد اجلاس ہمایون کی موجودہ تنخواہ مین دس (۱۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۷ رضا صاحب بسعادت علیخان کوتوال شہر کی موجودہ تنخواہ مین پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۸ منشی شیام بہادر دیوانصدر کی موجودہ تنخواہ مین پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۱۹ مسٹر ماجد علیخان الکٹرک انجینیر کی موجودہ تنخواہ مین پچاس (۵۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۲۰ صدیق علیخان اسٹنٹ الکٹرک انجینیر کی موجودہ تنخواہ مین پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۲۱ افتخار الحسن خانساماں کی موجودہ تنخواہ مین پندرہ (۱۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۲۲ نبی الحسن خانساماں کی موجودہ تنخواہ مین پندرہ (۱۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۲۳ کپتان امتیاز حسین ملٹری سرجن کی موجودہ تنخواہ مین پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۲۴ کپتان عبدالمجید کنٹرولر ہاؤس ہولڈ ٹو ہرہائینس کو جو موضع متاجری مین دیا گیا ہے اسکی موجودہ جمع مین بغایت میعاد بندوبست بحساب پچاس (۵۰) روپیہ ماہانہ چھ سو سالانہ کی تخفیف دیجائے۔ اور ایک موٹر کار ان موٹروں مین سے جو نیلام ہونیوالی ہین دیدیجائے مصارف پٹرول وغیرہ ادس کے اوس صیغہ مین پڑینگے جن صیغہ سے اونہین تنخواہ ملتی ہے۔

۲۵ اُستاد سراب خان کی موجودہ تنخواہ مین چالیس (۴۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے اور ایک موٹر کار نیلام ہونیوالی موٹروں مین سے اونہین دیدیجائے۔ اور باغ موسومہ وزیر خان والا گنگو سماتی مین دیا جاتا ہے۔ باغ پر قبضہ لادیا گیا ہے یہ باغ تاحین حیات عطا ہوا

۲۶ صدیق خان پسر اُستاد سہراب خان کی موجودہ تنخواہ میں تیس (۳۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۲۷ مشتاق حیدر منصرم باورچخانہ کے ذمہ جو ایک ہزار قرضہ سرکاری ہے وہ معاف کیا جاتا ہے۔

۲۸ مابدولت واقبال کی جو دودھ پلائی ہے اُس کی تیس (۳۰) روپیہ ماہانہ تنخواہ تاریخ امروزہ سے مقرر کی جاتی ہے مد ڈیوڑھیات سے۔

۲۹ بدّو ماماں کی تنخواہ مد ڈیوڑھیات سے پندرہ (۱۵) روپیہ ماہانہ تاریخ امروزہ سے مقرر کی جاتی ہے۔

۳۰ قمسی مغلانی کی پچیس (۲۵) ماہانہ تنخواہ تاریخ امروزہ سے بمد ڈیوڑھیات مقرر کی جاتی ہے۔

۳۱ حشمت جان طوائف کی تنخواہ موجودہ میں صیغہ ارباب نشاط سے حسب منشا ہرہائینس ایکسو روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۳۲ سید ابن علی مصاحب کی موجودہ تنخواہ میں پچیس (۲۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۳۳ محمد صغیر اتالیق کی بد ملازمان مصاحبان چالیس روپیہ ماہانہ تنخواہ تاریخ امروزہ سے مقرر کی جائے۔

۳۴ کپتان دلاور حسین خان فرسٹ انفنیٹری کو میجر کا رینک دیا جائے دو سو بارہ (۲۱۲) روپیہ ماہانہ تنخواہ ملے گی۔ کمپنی کمانڈر رہینگے۔

۳۵ گورکھا کا جو سپاہی کورٹ مارشل سے نو ماہ قید ہوا ہے اس کی بقیہ قید معاف کی جاتی ہے۔ اس کی رہائی کے لئے علیحدہ حکم جاری ہوا اور گورکھا کمپنی میں جن جن عہدہ داروں کے رینک شکست کردیے گئے تھے وہ رینک واپس عطا کئے جاتے ہیں۔

۳۶ ننھے و بشیر الدین جمعداران خدمتگاران و کشن بیرا و مہدی حسن خانساماں و عبدالمجید خانساماں و تفضل خانساماں کی موجودہ تنخواہوں میں فی اسم دس دس (۱۰، ۱۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۳۷ شبن دو کہ چپراسی خدمتگاران کی موجودہ تنخواہوں میں فی اسم پانچ پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۳۸ قیوم مارکر کی موجودہ تنخواہ میں دس (۱۰) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

۳۹ خلیل خاں موٹر ڈرائیور کی موجودہ تنخواہ میں پندرہ (۱۵) روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے

۴۰ عبدالغنی افسر شاگرد پیشہ اور جن جمعداروں پر قبل ازیں جرمانہ کیا گیا تھا وہ معاف کیا جاتا ہے۔

۴۱ سرکاری ماماؤں اور پہرہ والیوں اور خواجہ سراؤں کی موجودہ تنخواہوں میں فی اسم دو روپیہ ماہانہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔ فہرست اسم وکی

وقت اجرائے احکام کیمدن سے حاصل کر لی جائے۔

۲۲ صاحبزادہ جیند صاحب مرحوم کے لڑکے ذنٹ صاحب والے بنگلے میں رہینگے ان کے مصارف سرکار سے مجرا ہوا کرینگے۔ ان کی تعلیم کے متعلق صاحب ہوم منسٹر بہادر انتظام کریں۔ وہ باہر اسکول میں بھیجے جائیں گے۔

۲۳ مسعود علیخاں نائب مہتمم دار الانشاء کی موجودہ تنخواہ میں پانچروپیہ ماہنہ اضافہ تاریخ امروزہ سے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کی جائے غیر معمولی گزٹ فوراً شایع ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے فوراً احکام ضابطہ جاری ہوں تاکہ صبح تک گزٹ میں شایع ہو جائے سرکاری ماماؤں بہرہ والیوں اور خواجہ سراؤں کی فہرست ذریعہ اجرائے احکام حاصل کر کے بخشیگری کو تعمیل کے لئے بھیجدی جائے۔ ۲۶ راگست ۱۹۳۰ء

دستخط کار چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۶ راگست ۱۹۳۰ء

دستخط حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سیلور جبلی تاجپوشی جنبوت سنگھ سپاہی گورکھا پلٹن کی بقیہ مدت قید (جسکو حال میں کورٹ مارشل سے نو ماہ کی قید ہوئی تھی) بنظر ترحم خسروانہ معاف کیجاتی ہے قیدی مذکور کو قید سے رہا کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل اس کی بنا بر اندراج گزٹ مطبع کو بھیجدیجائے غیر معمولی گزٹ فوراً شایع ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل اندراج گزٹ کے واسطے مطبع کو مرسل ہو۔ اور اصل حکم توسط جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کی خدمت میں بھیجا جائے۔ ۲۶ راگست ۱۹۳۰ء

دستخط کار صاحب چیف منسٹر بہادر

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور